سوال

قربانی کی کھالیں مسجد کو دینے کا حکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کیا قربانی کی کھالیں مسجد کو دینا جائز ہے۔ ؟

جواب

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

قربانی کی کھال مسجد کو دینا جائز نہیں ہے۔ اس لئے کہ قربانی کی کھالوں کو صرف انہی مصارف میں خرچ کیا جاسکتا ہے جن مصارف میں زکوٰۃ کی رقم خرچ کی جا سکتی ہے، اور زکوٰۃ کے مصارف سورۃ توبہ کی آیت میں بیان کر دیئے گئے ہیں۔ مسجد پر زکوٰۃ اور قربانی کی کھالوں کی رقم خرچ نہیں کی جا سکتی، اس لئے کہ یہ صدقاتِ واجبہ ہیں، اور صدقاتِ واجبہ میں تملیک ضروری ہے، جبکہ صورتِ مسئولہ میں تملیک مفقود ہے۔ مساجد پر خالص مال خرچ کرنا چاہیئے۔ ہذا ما عندي واللہ اعلم بالصواب

فتوی کمیٹی

محدث فتوی